دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: Faj 4797　تاریخ: 03-05-2018

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نمازِ جنازہ میں سلام ہاتھ چھوڑ کر یا باندھ کر پھیریں؟

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ نمازِ جنازہ میں چوتھی تکبیر کے بعد دونوں ہاتھ چھوڑ کر سلام پھیریں گے یا سیدھی طرف سلام پھیرتے وقت سیدھا ہاتھ چھوڑ دیں گے اور الٹی طرف سلام پھیرتے وقت الٹا ہاتھ چھوڑ دیں گے؟ درست طریقہ کیا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں حالتِ قیام میں ہاتھ باندھنا وہاں سنت ہے، جہاں قیام میں مسنون ذکر ہو اور اگر حالتِ قیام میں مسنون ذکر نہیں، تو ہاتھ لٹکانا (نہ باندھنا) سنت ہے اور نمازِ جنازہ کی چوتھی تکبیر کے بعد ذکرِ مسنون نہیں، لہٰذا چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھنا سنت نہیں بلکہ ہاتھ لٹکانا سنت ہے۔

خلاصۃ الفتاوی میں ہے: " ولا یعقد بعد التکبیر الرابع لانہ لا یبقی ذکر مسنون حتی یعقد فالصحیح انہ یحل الیدین ثم یسلم تسلیمتین ھکذا فی الذخیرۃ " ترجمہ: اور چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ نہیں باندھے گا، کیونکہ اب کوئی مسنون ذکر باقی نہ رہا، جس کے لیے ہاتھ باندھے، پس صحیح یہ ہے کہ وہ دونوں ہاتھ کھول دے گا، پھر دونوں سلام پھیرے گا۔ اسی طرح ذخیرہ میں ہے۔

**(خلاصۃ الفتاوی، جلد1، صفحہ225، مطبوعہ کوئٹہ)**

مجمع الانھر میں ہے: " قال شمس الأئمۃ الحلوانی: ان کل قیام لیس فیہ ذکر مسنون فالسنۃ فیہ الارسال و کل قیام فیہ ذکر مسنون فالسنۃ فیہ الوضع وبہ کان یفتی شمس الأئمۃ السرخسی والصدر الکبیر برھان الأئمۃ والصدر الشھید " ترجمہ: شمس الائمہ حلوانی نے فرمایا: ہر وہ قیام جس میں مسنون ذکر نہیں، اس میں ہاتھ لٹکانا سنت ہے اور ہر وہ قیام جس میں ذکر مسنون ہے، اس میں ہاتھ باندھنا سنت ہے اور یہی فتویٰ شمس الائمہ

سرخسی اور صدرِ کبیر برہان الائمہ اور صدرِ شہید علیہم الرحمۃ دیا کرتے تھے۔

(مجمع الانہر، جلد1، صفحہ141، مطبوعہ کوئٹہ)

صدرالشریعہ بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ سے ایک سوال ہوا: "نمازِ جنازہ میں ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہیے یا باندھ کر یا دونوں طرح جائز ہے؟" تو آپ علیہ الرحمۃ نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا: " ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہیے۔ یہ خیال کہ تکبیرات میں ہاتھ باندھے رہنا مسنون ہے، لہٰذا سلام کے وقت بھی ہاتھ باندھے رہنا چاہیے، یہ خیال غلط ہے۔ وہاں ذکر طویل مسنون موجود ہے، اس پر قیاس، قیاس مع الفارق ہے۔"

(فتاوی امجدیہ، جلد1، صفحہ317، مطبوعہ مکتبہ رضویہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

محمد طارق رضا عطاری مدنی

16شعبان المعظم1439ھ/03مئی2018ء

الجواب صحیح

ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشاکی نماز کے بعد امیر اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے



نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

**Dār al-Iftā Ahl al-Sunnah (Da'wat e Islami)**

## Manner of releasing the hands at the end of the Funeral Prayer

**QUESTION:**

**What do the noble ulama say concerning whether the hands should be unfolded after the fourth takbīr in Salāt al-Janāzah together or whether the right hand should be released when giving salām to the right and the left hand at the time of giving salām to the left? What is the correct method?**

**ANSWER:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

*In the name of Allāh the Most Beneficient, the Most Merciful*
*The answer, by the help of Allāh, The Owner, The Bestower. O Allāh guide us to the truth and that which is correct.*

Folding the hands during qiyām (standing posture) in prayer is a Sunnah, wherever there is the recital of something transmitted from the Sunnah. If there is no transmitted recital then the Sunnah is to leave the hands by the sides i.e. not to fold them. In the funeral prayer there is no transmitted recital after the fourth takbīr thus folding the hands after the fourth takbīr is not Sunnah rather the hands should be unfolded and released to the sides.

It is stated in Khulāsat al-Fatāwā:

"The hands should not be folded after the fourth takbīr because there does not remain any transmitted recital that the hands should be folded [for it]. Thus the correct view is to unfold the hands and then give the two salāms,"

[Khulāsat al-Fatāwā Volume 1 page 225]

In Majma' al-Anhur it is mentioned:

"Shams al'A'immah al-Halawānī (may Allāh shower him with mercy) said: 'In every qiyām in which there is no transmitted recital the Sunnah in it is to release the hands by the sides and in every qiyām in which there is a transmitted recital the Sunnah in it is to fold the hands. Shams al-A'immah al-Sarkhasī and al-Sadr al-Kabīr Burhān al-A'immah and al-Sadr al-Shahīd (may Allāh shower them with mercy) all used to give fatwā according to this."

[Majma' al-Anhur Volume 1 page 141]

Sadr al-Sharī'ah Badr al-Tarīqah Muftī Amjad 'Alī al-A'zhamī (may Allāh shower him with mercy) was asked:

"Should one open their hands and give salām or with their hands folded? Or are both ways permitted?

He replied saying:

One should unfold their hands and then give salām. This conjecture that keeping the hands folded during the takbīrāt is Masnūn (established from the Sunnah) therefore the hands should remain folded during salām is incorrect. In the former there is a lengthy transmitted recital, to analogise that upon the latter is to analogise upon that which is different.”

[Fatāwā Amjadiyyah Volume 1 page 317]

Allāh (Most Transcendent) Knows Best and His Messenger (ﷺ)

**Answered by: Muhammad Tāriq Ridā al-Attārī al-Madanī (Specialist in al-Fiqh al-Islāmī)**
Affirmed by: Muftī Abū Muhammad ‘Alī Asghar al-Attārī al-Madanī
16th Sha’bān al-Mu’azham 1439 AH (3rd May 2018)
**Translated by: Mawlana Ibrar Shafi**